2۔ متحرک نہ ہو

۲۔ متحرک نہ ہو

مسئلہ۱۰۷۔ نماز پڑھنے والے کی جگہ متحرک نہ ہو یعنی اس طرح ہو کہ نماز پڑھنے والاحرکت کے بغیر اور آرام سے نماز پڑھ سکے، بنابرایں ایسی جگھوں پر نماز پڑھنا کہ جہاں بے اختیار بدن کو حرکت آئے مثلاً چلتی ہوئی گاڑی اور ریل یا اسپرنگ والے کچھ پلنگوں پر نماز صحیح نہیں ہے مگر یہ کہ وقت کی کمی یا کسی اور وجہ سے ایسی جگہ نماز پڑھنے پر مجبور ہو۔

مسئلہ۱۰۸۔ عمومی سفری وسائل میں سفر کرنے والوں کو نماز کا وقت ختم ہونے کا خوف ہوتو واجب ہے کہ ڈرائیور سے رکنے کی درخواست کریں اور ڈرائیور پر بھی ان کی درخواست قبول کرنا واجب ہے۔ اگر کسی وجہ سے نہ رکے تو مسافروں پر واجب ہے کہ حرکت کی حالت میں نماز پڑھیں اورحتی الامکان قبلے کی سمت، قیام، رکوع اور سجود کی رعایت کریں۔